سوال

(101)مرحوم کی مناسبت سے مسجد کا نام رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں اپنے مرحوم بیٹے کے ایصال ثواب کےلیے مسجد ومدرسہ بنا رہا ہوں میرے بیٹے کا نام سجاد تھا کیا میں مسجد کا نام جامعہ مسجد سجاد اہل حدیث رکھ سکتا ہوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ اپنے مدرسہ کا نام ''جامعہ سجاد لاٗہل الحدیث'' اور اپنی مسجد کا نام ''جامع سجاد لاٗہل الحدیث''رکھ سکتے ہیں شرعاً ان میں کوئی مضائقہ نہیں اللہ تعالیٰ آپ کی یہ حسنات قبول و منظور فرمائے اور مزید حسنات خالصہ کی توفیق عطا فرمائے۔آمین یا رب العالمین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

مساجد کا بیان ج1ص108

محدث فتویٰ